**A–I–Y**

Roll No.............................................

Total No. of Questions : 16]  [Total No. of Printed Pages : 15

# XARJKUT23

# 9301–Y

# URDU

Time : 3 Hours]  [Maximum Marks : 80

## حصہ "الف"

۱۔ درج ذیل عبارت کوغور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر پر دی گئی خالی جگہوں کو اسی سے چن کر مناسب الفاظ سے پُر کیجئے۔ ۵×۱=۵

رضیہ سلطان باقاعدہ دربار لگاتی تھی۔ اس نے برابری اور بھائی چارے کو عام کیا۔ رضیہ سلطان نے حکومت کے اختیارات کو چالیس امیروں میں بانٹا جس سے وہ ملکی معاملات میں مشورہ کرتی تھی۔ اس نے ''میرآخور'' کا سب سے بڑا عہدہ ایک حبشی غلام ''یاقوت''

کو دیا کیونکہ وہ ایمان دار اور جفاکش تھا۔ یہ اہم عہدہ اب تک صرف ترک امیروں کو ملتا تھا۔ یہ بات ترک امیروں کو پسند نہیں آئی۔ انھوں نے رضیہ کو تخت سے اُتارنے کی سازش کی۔

(i) رضیہ سلطان ..................... دربار لگاتی تھی۔

(ii) اس نے حکومت کے اختیارات کو ..................... امیروں میں بانٹا۔

(iii) "میرآخور" کا بڑا عہدہ ..................... کو دیا گیا۔

(iv) رضیہ سلطان نے برابری اور ..................... کو عام کیا۔

(v) رضیہ سلطان کو تخت سے اُتارنے کی سازش ..................... نے کی۔

۲۔ درج ذیل شعری جز کو غور سے پڑھیے اور آخر پر پوچھے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب چن لیجیے۔ ۵×۱=۵

بنی نوع انساں کا غم خوار آیا

وہ تخلیق عالم کا شہکار آیا

وہ نبیوں کا سرتاج سردار آیا

خوش اندام آیا خوش اطوار آیا

تو آیا تیرے آنے کی آرزو تھی

نگاہوں کو بس تیری ہی جستجو تھی

(i) بنی نوع انسان کا غم خوار بن کر کون آیا؟

(الف) ابوبکرؓ۔

(ب) محمد ﷺ۔

(ج) عمر فاروقؓ۔

(د) علیؓ۔

(ii) نبیوں کا سرتاج کون ہے؟

(الف) حضرت محمدؐ۔

(ب) یونسؑ۔

(ج) ابراہیم۔

(د) یعقوب۔

(iii) ہمیں محمدؐ کے آنے کی کیا تھی؟

(الف) تمنا۔

(ب) آرزو۔

(ج) جستجو۔

(د) چاہت۔

(iv) یہ نعت کس کی لکھی ہوئی ہے؟

(الف) نظیرؔ۔

(ب) حالیؔ۔

(ج) اقبالؔ۔

(د) رسؔا جاودانی۔

(۷) یہ شعری جز کس نعت سے لیا گیا ہے؟

(الف) رحمت دو عالم۔

(ب) بنی نوع انسان کا غم خوار آیا۔

(ج) شانِ لولاک۔

(د) سرکارِ دو عالم۔

۳۔ دی گئی عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد آخر پر دیے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔ ۵×۱=۵

بارش کا پانی قدرتی طور پر صاف ستھرا اور پینے کے قابل ہوتا ہے۔ جب وہ زمین پر بہتا ہے تو نالوں کی شکل میں بہتا ہوا ندیوں اور تالابوں میں جمع ہو جاتا ہے۔ اس پانی میں مٹی کے ذرات، نمکیات اور دوسرے مادّے بھی شامل ہو جاتے ہیں۔ اس وجہ سے یہ پانی گدلا ہو جاتا ہے اور پیچش، قبض، پیٹ کا درد اور ہیضہ جیسی بیماریاں پھیل جاتی

ہیں۔ آلودہ پانی کو پینے کے قابل بنانے کے لئے اسے جوش دے

ٹھنڈا کریں اور چھان کر کسی صاف برتن میں رکھیں۔

(i) بارش کا پانی قدرتی طور پر کیسا ہوتا ہے؟

(ii) بارش کا پانی جب زمین پر گرتا ہے تو کہاں جاتا ہے؟

(iii) اس پانی میں کون سی چیزیں شامل ہو جاتی ہیں۔

(iv) آلودہ پانی پینے سے کیا ہو جاتا ہے؟

(v) آلودہ پانی کو پینے کے قابل کیسے بناتے ہیں؟

## حصہ "ب"

۳۔ (الف) درج ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔

(i) کتاب۔

(ii) دنیا۔

(iii) چاند۔

(ب) درج ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائے۔ ۲

(i) عورتیں۔

(ii) دن۔

۵۔ دیئے گئے حروف میں سے صرف دو کی تعریف کیجئے اور مثالیں بھی دیجئے۔ ۵

(i) حروف جار۔

(ii) حروف اضافت۔

(iii) حروف عطف۔

۹- ہدایات کے مطابق جواب لکھئے ۔ [illegible]

(الف) ''اسلم کھیلتا ہے''

اس جملے میں لفظ ''اسلم'' کیا ہے؟

(i) صفت ۔

(ii) فاعل ۔

(iii) مفعول ۔

(iv) فعل ۔

(ب) ''تاج محل بہت خوبصورت ہے''

اس جملے میں لفظ ''خوبصورت'' کیا ہے؟

(i) فاعل ۔

(ii) صفت ۔

(iii) فعل۔

(iv) مفعول۔

(ج) ''کریم نے اکبر کو مارا''

اس جملے میں لفظ ''اکبر'' کیا ہے؟

(i) صفت۔

(ii) فاعل۔

(iii) مفعول۔

(iv) فعل۔

(د) ''چادر میلی ہے''

اس جملے میں لفظ ''میلی'' کیا ہے؟

(i) فاعل۔

(ii) صفت۔

(iii) مفعول۔

(iv) ضمیر۔

(ہ) ''درزی کپڑے سیتا ہے''

اس جملے میں لفظ ''درزی'' کیا ہے؟

(i) صفت۔

(ii) فاعل۔

(iii) مفعول۔

(iv) فعل۔

۷۔ درج ذیل محاورات میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجئے۔ ۲

(i) آفت کا پرکالا۔

(ii) آگ بگولہ ہونا۔

(iii) پالا پڑنا۔

۸۔ کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام بھی لکھئے۔ ۴

(i) بشیر نادان ہے۔

(ii) حامد نے روٹی کھائی۔

حصہ "ج"

۹۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر نوٹ لکھئے۔ ۵

(i) داستان۔

(ii) ڈراما۔

(iii) قصیدہ۔

(iv) غزل۔

۱۰۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔

(i) سیر چوتھے درویش کی۔

(ii) حالی۔

(iii) عبرت۔

۱۱۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف تین اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجئے۔

۲×۳=۶

(i) پہنچا جو آپ کو تو میں پہنچا خدا تئیں

معلوم اب ہوا کہ بہت میں بھی دور تھا۔

(ii) نہ گور سکندر نہ ہے قبر دارا

مٹے نامیوں کے نشاں کیسے کیسے

(iii) آگے آتی تھی حال دل پہ ہنسی

اب کسی بات پر نہیں آتی

(iv) نہ تھا میں معتقد اعجاز مے کا

بڑی مشکل سے منوایا گیا ہوں

(v) ہم نکل سکتے بھی تو کیوں کر حصار ذات سے

صرف دیواریں ہی دیواریں تھیں دروازہ نہ تھا

(vi) پرچم امن لئے پھرتے ہیں شہروں شہروں

آستینوں میں چھپائے ہوئے خنجر کتنے

۱۱۔ صرف دو سوالوں کے جواب لکھئے۔ ۵

(i) ملک صادق کون تھا اور شہزادے کے ساتھ ان کا کیا رشتہ تھا؟

(ii) لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے جن کون کون سی چیزیں اپنے پاس رکھتی تھی؟

(iii) پنڈت چندر دھر اپنے پیشے سے کیوں بیزار تھے؟

(iv) خوشامد میں کیا کیا عیب ہوتے ہیں؟

۱۲۔ صرف دو سوالوں کے جواب لکھئے۔ ۵

(i) اس قصیدے کو شاعر نے ''شہر آشوب'' کیوں قرار دیا ہے؟

(ii) مفلسی آدمی کو کس کس طرح سے ستاتی ہے؟

(iii) شاعر کو ہر بات میں کلفت کیوں نظر آتی ہے؟

(iv) وحدت میں کثرت سے کیا مراد ہے؟

۱۴۔ درج ذیل ادباء اور شعراء میں سے کسی ایک کے حالات زندگی تحریر کیجئے۔

(i) میر امنؔ۔

(ii) ڈپٹی نذیر احمد۔

(iii) آتشؔ۔

(iv) شادؔ عظیم آبادی۔

حصہ "د"

۱۵ اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیئے جس میں اسے پڑھنے کے ساتھ ساتھ کھیل کود میں حصہ لینے کی نصیحت کی گئی ہو۔ ۷

(یا)

اپنے اسکول کے سربراہ کے نام ڈسچارج سرٹیفکیٹ اجرا کرنے کے لئے درخواست لکھئے۔

۱۱۔ دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر دو سو (۲۰۰) الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ ۸

(i) کھیلوں کی اہمیت۔

(ii) کووڈ-۱۹(Covid 19) کی تباہ کاریاں۔

(iii) وقت کی پابندی۔